مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

امام کعبہ شیخ صالح بن حمید کی حضرت مہتمم مدظلہ سے ملاقات

۲۸۔اکتوبر کوامام کعبہ شیخ صالح بن عبداللہ بن حمید حفظہ اللہ (رئیس مجمع الفقہ الاسلامی) کی حضرت مہتمم صاحب سے اسلام آباد میں ملاقات ہوئی۔راقم حامد الحق،اور برادرم مولانا راشد الحق،مولانا احمد شاہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ملاقات کے دوران ملکی و بین الاقوامی امت مسلمہ کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔بعد میں امام صاحب کے ہمراہ ان کی گاڑی میں فیصل مسجد اسلام آباد تشریف لے گئے اور وہاں امام صاحب نے نماز مغرب کی امامت فرمائی۔اس موقع پر فیصل مسجد میں آٹھ دس چھوٹے بچوں کو امام صاحب نے سورہ فاتحہ پڑھائی جس میں مولانا راشد الحق صاحب کے دس سالہ برخوردار محمد عمر اور محمد احمد بھی شامل تھے۔جن سے امام صاحب نے خصوصی پیار وشفقت اور دعاؤں سے نوازا۔

حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی حضرت مہتمم مدظلہ کی رہائش گاہ تشریف آوری

۹۔اکتوبر کو حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب،حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی رہائش گاہ اکوڑہ خٹک تشریف لائے جہاں انہوں نے ملکی و بین الاقوامی سیاسی صورتحال پر گفتگو کی۔

افغان سفیر کی حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات

۲۲۔اکتوبر بروز اتوار کو پاکستان میں افغانستان کے سفیر جناب حضرت عمر زاخیلوال اور نائب سفیر زردشت شمس نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور افغانستان کے تازہ بگڑتی ہوئی صورتحال پر ان سے تفصیلی گفتگو کی اور مولانا مدظلہ سے اس سلسلہ میں فوری موثر کردار ادا کرنے کی خواہش ظاہر کی،مولانا سمیع الحق نے موجودہ افغان سفیر کی امن کی خاطر جدوجہد اور تگ ودو کو سراہا۔

حضرت مولانا محمد طیب طاہری کی دارالعلوم آمد

۲۳۔اکتوبر: جماعت اشاعت التوحید والسنۃ کے امیر حضرت مولانا محمد طیب طاہری صاحب نے مہتمم

صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور ملک کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مولانا محمد طیب صاحب نے مولانا کو ۲۷۔۲۸ اکتوبر کو پنج پیر میں منعقد ہونے والے سالانہ اجتماع میں شرکت کی دعوت دی۔ جسے مولانا مدظلہ نے قبول فرمایا اور بعد میں اجتماع میں شرکت بھی کی۔

حضرت مہتمم صاحب کی سعودی سفیر سے ملاقات

۲۶۔ستمبر کو اسلام آباد میں سعودی سفارتخانے کی دعوت پر سعودی عرب کے قومی دن کے حوالہ سے ایک تقریب میں شرکت کی جہاں سعودی سفیر کے علاوہ دیگر اہم سیاسی شخصیات وسفراء سے ملاقاتیں کیں۔

پشاور میں قبائلی جرگہ کی صدارت

۳۔اکتوبر کو پشاور میں جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام منعقدہ قبائلی جرگہ سے صدارتی خطاب فرمایا اور قبائل کے روشن مستقبل کے حوالے سے لائحہ عمل طے کیا گیا اور اہم قراردادیں پیش کی گئیں۔

لاہور میں وفاق المدارس کی میٹنگ میں شرکت

۵۔اکتوبر کو مولانا عبدالرزاق سکندر صاحب کو وفاق المدارس کا صدر منتخب کیا گیا، جبکہ حضرت مولانا انوار الحق صاحب اور حضرت مولانا مفتی رفیع عثمانی صاحب کو نائب صدور مقرر کیا گیا۔ اس اہم میٹنگ میں مولانا سمیع الحق مدظلہ کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا جہاں مولانا مدظلہ نے وفاق کو اہم تجاویز ومشورے دیئے۔

دفاع پاکستان کونسل کا سربراہی اجلاس

۱۱۔اکتوبر کو دفاع پاکستان کونسل کے اجلاس کی اسلام آباد میں صدارت فرمائی جس میں دفاع پاکستان کونسل کی تمام جماعتوں نے شرکت کی۔ مولانا سمیع الحق نے اعلامیہ اور مطالبات پریس کانفرنس میں پڑھ کر سنائے اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا۔

مذہبی جماعتوں کے قائدین کا مشاورتی اجلاس

۱۲۔اکتوبر کو اسلام آباد میں مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی دعوت پر مذہبی جماعتوں کے قائدین کا مشاورتی اجلاس ہوا جس میں قائد جمعیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب نے شرکت فرمائی، جس میں ملکی صورتحال بالخصوص ایم ایم اے کی بحالی اور اسلامی تشخص وجغرافیائی چیلنجز جیسے اہم مسائل پر گفتگو وشنید ہوئی اور دینی جماعتوں کے اتحاد کے حوالے سے مستقبل کا لائحہ عمل طے کرنے کے لئے کمیٹی تشکیل دی گئی۔